B.Ed (Urdu)/E.T/ 2022

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

**Booklet Serial No.**

## بی۔ایڈ ریگولر انٹرنس ٹسٹ (اردو) 2022

## B.Ed. Regular Entrance Test (Urdu) 2022

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

نمبرات : 100

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں حصہ ٔاول' (i) عام معلومات(General Knowledge)' (ii) عام اردو(General Urdu)' (iii) عام انگریزی(General English) ' تدریسی رجحان(Teaching Aptitude) اور (v) ذہنی صلاحیت(Mental Ability) اور 'حصہ دوم' **اردو** (Urdu) پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# (Part - 1) حصہ اول

## (i) عام معلومات (General Knowledge)

1. آزاد ہندوستان کے پہلے ''نائب صدر'' تھے۔

(A) ڈاکٹر ذاکر حسین
(B) سروپلی رادھا کرشنن
(C) جواہر لال نہرو
(D) ولبھ بھائی پٹیل

2. ''مہاتما گاندھی'' کو ''مہاتما'' کا خطاب کس نے دیا؟

(A) گرورابندرا ناتھ ٹیگور
(B) پنڈت موتی لال نہرو
(C) سبھاش چندر بوس
(D) اندرا گاندھی

3. ''NCERT'' ملک بھر میں کس سطح کی تعلیم کے لیے سفارشات پیش کرتی ہے؟

(A) بنیادی تعلیم (Primary Education)
(B) ثانوی اور اعلیٰ ثانوی سطح (Secondry and Senior Secondary Level)
(C) اعلیٰ تعلیمی سطح (Heigher Education Level)
(D) ان میں سے کوئی نہیں

4. نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 جناب ''کستوری رنگن'' کی قیادت (Chairmenship) میں مکمل کی گئی، وہ اس سے پہلے کس ادارے کے چیرمین تھے؟

(A) UGC
(B) NCTE
(C) ISRO
(D) MHRD

5. نومبر 2022 کا ''عالمی فٹ بال کپ'' (Football World Cup) کس ملک میں کھیلا جائے گا؟

(A) چین (China)
(B) قطر (Qatar)
(C) امریکہ (USA)
(D) روس (Russia)

6. چوٹ لگنے پر اگر ہمارے جسم سے خون کا بہنا بند نہ ہو تو یہ کون سے ''وٹامن'' کی کمی کی علامت ہے؟

(A) وٹامن "C"
(B) وٹامن "D"
(C) وٹامن "E"
(D) وٹامن "K"

7. ایک بالغ شخص کے جسم میں کل کتنی ہڈیاں (Bones) ہوتی ہیں؟

(A) 206　　(B) 106

(C) 306　　(D) 602

8. موجودہ "IPL-2022" کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل کتنی ٹیموں نے حصہ لیا تھا؟

(A) 08　　(B) 10

(C) 05　　(D) 12

9. NASA(National Aeronautics and Space Administration) کس ملک کا ادارہ ہے؟

(A) ہندوستان　　(B) امریکہ

(C) روس　　(D) چین

10. 1989ء میں سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج کون مقرر ہوئیں؟

(A) ہما کوہلی　　(B) اندو ملہوترا

(C) اندرا بنرجی　　(D) فاطمہ بی بی

## (ii) عام اردو (General Urdu)

11. ''اردو زبان'' کو ایک دیگر نام سے جانا جاتا ہے' وہ ہے۔

(A) ریختہ　　(B) برج بھاشا

(C) ہندی　　(D) پنجابی

12. اردو زبان کا رسم الخط ہے۔

(A) عربی　　(B) فارسی

(C) نستعلیق　　(D) دیوناگری

13. اردو افسانہ نگاری میں سب سے اہم رول کس مصنف کا ہے؟

(A) قلی قطب شاہ　　(B) امیر خسرو

(C) سرسید احمد خاں　　(D) منشی پریم چند

14. خواجہ الطاف حسین حالی کو......................حیثیت حاصل ہے۔

(A) پہلے اردو شاعر کے طور پر
(B) پہلے اردو مرثیہ نگار کے طور پر
(C) پہلے اردو سوانح اور تنقید نگار کے طور پر
(D) پہلے قصیدہ گو شاعر کے طور پر

15. اردو ''نظم'' کے لفظی معنی ہیں؟

(A) لڑی میں موتی پرونا
(B) عشقیہ بیانی کرنا
(C) اشعار پڑھنا
(D) لڑی سے موتی توڑنا

16. جس نظم میں ''بزرگان دین'' کی تعریف کی جائے، وہ کہلاتی ہے۔

(A) نعت
(B) حمد
(C) منقبت
(D) غزل

17. علامہ اقبال کا پہلا شعری مجموعہ 1924ء میں کس نام سے شائع ہوا؟

(A) بانگ درا
(B) بال جبریل
(C) ضرب کلیم
(D) علم الاقتصاد

18. درج ذیل کلام کس شاعر کا ہے؟

''ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت'' ''جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت''
''زندگی ہو میری پروانے کی صورت یارب'' علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب''

(A) مرزا غالب
(B) مومن خاں مومن
(C) فیض احمد فیض
(D) علامہ اقبال

19. اردو کلمہ کی قسمیں ہیں؟

(A) موضوع اور مہمل
(B) نکرہ اور معرفہ
(C) متحرک اور ساکن
(D) تشبیہ و استعارہ

20. ''آب حیات'' کے مصنف ہیں؟

(A) محمد حسین آزاد
(B) سرسید احمد خان
(C) علامہ اقبال
(D) مرزا غالب

## (General English) عام انگریزی (iii)

21. Choose the "Correct Spelling"
    (A) Fondation (B) Foundasion
    (C) Foundation (D) Fowndation

22. Sonam __________improve her handwriting.
    (Choose the most appropriate word to fill in the blank)
    (A) want (B) May
    (C) Should (D) Had

23. Out of the four given words, three are "Synonyms" Identify the odd one.
    (A) Leader (B) Commander
    (C) Chief (D) Follower

24. "I would like to complete my assignment today".
    (Choose the best response from the given options below)
    (A) Would you able to? (B) wouldn't you to be able?
    (C) Will you be able to? (D) None of these

25. Find out the sentence with correct "Punctuation".
    (A) Javed, Aman, Raman and Salman are Good Friends.
    (B) Javed, Aman, Raman and Salman are good friends.
    (C) Javed and Aman and Raman and Salman are good friends.
    (D) Javed Aman Raman and Salman are good friends.

26. Rearrange the given "Jumbled " words to make a correct sentence.
    please __ cup __ give __ a __ of __ tea __ me
    (A) A cup of tea me give please
    (B) Give a me cup of tea please.
    (C) Please give me a cup of tea.
    (D) Please give me cup a of tea.

27. One who does not believe in the presence of God
    (Choose the correct one word substitution from given options)
    (A) Theist (B) Fanatic
    (C) Heretic (D) Atheist

28. Infections or disease that spreads via direct or indirect contact is called ............ disease.

(A) Incurable (B) Infectious

(C) Contagious (D) Fatal

29. I said to him, "why are you working so hard?"

(Find the correct indirect speech from the given options)

(A) I asked him why he was working so hard.

(B) I asked him why are you working so hard.

(C) I ask him why he had been working so hard.

(D) I asked him why he had not been working so hard.

30. AFTER:BEFORE :: SUCCESSOR: ?

(Choose the correct option)

(A) SECOND (B) PRIOR

(C) EARLY (D) PREDECESSOR

## (Teaching Aptitude) تدریسی رجحان (iv)

31. جوطلباء کمرۂ جماعت میں درس کے دوران مواد مضمون سے متعلق آپ سے سوالات کرتے رہتے ہیں، ان کے ساتھ آپ کیا کریں گے؟

(A) کلاس ختم ہونے کے بعد ملنے کو کہیں گے

(B) درجہ میں ہی سوالات وجوابات کے ساتھ بحث ومباحثہ شروع کردیں گے

(C) مزید سوال پوچھنے کے لیے طلباء کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

(D) سوالوں کا جواب خود تلاش کرنے کے لیے کہیں گے۔

32. ایک اچھے اور کامیاب استاد کو ہونا چاہیے۔۔۔۔

(A) ایک فلسفی، دوست اور رہنما

(B) درسیات کے تمام اسباق کا درس فراہم کرنے والا

(C) درجہ میں اچھا نظم ونسق قائم کرنے والا

(D) سیکھنے کے عمل میں طلبا کی مدد فراہم کرنے والا

33. تعلیم کا اولین مقصد ہے۔

(A) طلبا کے اندر پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا

(B) طلبا میں سماج سے ہم آہنگی پیدا کرنا

(C) طلبا کو امتحان کی تیاری کروانا

(D) طلبا کو زندگی بسر کرنے کے قابل بنانا

34. اساتذہ کی تدریسی مہارتوں میں شامل نہیں رہتا ہے۔

(A) تختہ سیاہ پر لکھنا
(B) سوالات پوچھنا
(C) درجہ میں نظم ونسق قائم کرنا
(D) تحقیق کرنا

35. ایک معلم کو درج ذیل میں سے کس مضمون کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔

(A) قانون
(B) فلسفہ
(C) تعلیمی نفسیات
(D) سماجیات

36. ایک معلم کے لیے درج ذیل امور میں سے ضروری نہیں ہے۔

(A) آرٹ اور کرافٹ کا علم
(B) کتاب کا مطالعہ
(C) اخلاقیات اور اقداروں کی پاسبانی
(D) رقص اور گلوکاری کا علم

37. آپ کے مطابق تعلیم کا مقصد ہونا چاہیے۔

(A) تعلیم حاصل کرنے کے بعد نوکری
(B) طلبا کی مکمل نشو ونما کرنا
(C) طلبا میں پڑھنے لکھنے کی صلاحیت پیدا کرنا
(D) طلبا کی ذہنی نشو ونما

38. اساتذہ کا اصلی کام ہوتا ہے۔

(A) طلبا کو درس دینا
(B) طلبا کی غلطیوں کو صحیح کرنا
(C) تدریسی ماحول تیار کرنا
(D) طلبا کو خود پڑھنے کی ترغیب فراہم کرنا

39. اسکولوں میں طلبا کو آزادانہ طور پر حصول علم کے لیے ضروری ہے۔

(A) کھیل کا میدان
(B) کتب خانہ
(C) درجہ میں بھائی چارگی
(D) درجہ میں روشنی اور آب وہوا

40. درج ذیل میں سے کون سا جملہ صحیح ہے؟

(A) آن لائن تعلیم زیادہ مؤثر ہے بہ نسبت آف لائن تعلیم کے
(B) آن لائن اور انٹرنیٹ درس وتدریس کو ہم اساتذہ کے متبادل کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں
(C) آن لائن درس میں اساتذہ کی شمولیت زیادہ مؤثر ہوتی ہے
(D) آن اور آف لائن تعلیم کا حسب ضرورت انضمام زیادہ موثر ہوتا ہے

## (v) ذہنی صلاحیت (Mental Ability)

41. ایک کوڈ کی زبان میں PAINT کو 74128 اور EXCEL کو 93596 لکھا جاتا ہے تو ACCEPT کو اس کوڈ زبان میں کیسے لکھیں گے؟

(A) 455978 (B) 544978

(C) 455378 (D) 733961

42. سائنس، انگریزی اور جغرافیہ کی کتابیں ایک ٹیبل پر اس طرح رکھی ہوئی ہیں کہ:

(i) جغرافیہ کی کتاب آخر میں نہیں رکھی ہے۔

(i) سائنس کی کتاب جغرافیہ کی کتاب کے اوپر رکھی ہوئی ہے۔


(i) انگریزی کی کتاب دوسرے نمبر پر نہیں رکھی ہے۔

تو بتائیے آخر میں کون سی کتاب رکھی ہوئی ہے؟

(A) انگریزی (B) جغرافیہ

(C) سائنس (D) کوئی نہیں

43. درج ذیل تصویر کے تمام کونوں کی تعداد کتنی ہے؟



(A) 20 (B) 25

(C) 30 (D) 35

44. اس لفظ کو دریافت کیجیے، جو CELEBRATE لفظ کے حروف تہجی سے نہیں بنا ہے۔

(A) LATE (B) RATE

(C) CARE (D) BORE

45. اگر ہم لفظ RENT کو TNER اور لفظ MAN کو NAM لکھتے ہیں تو لفظ PAPER کو کس طرح لکھیں گے؟

(A) PAPRE (B) PPAER

(C) REPAP (D) REPPA

46. درج ذیل نمبرات کے سلسلے میں نمبر "49" کس متبادل میں آئے گا؟

(A) 3,6,9,12,15....    (B) 5,10,15,20,25....

(C) 6,12,18,24,30....    (D) 7,14,21,28,35....

47. اگر ایک منٹ میں "60" سیکنڈس ہوتے ہیں، تو "13" گھنٹے میں کتنے سیکنڈس ہوں گے؟

(A) 46800    (B) 76800

(C) 48400    (D) 68400

48. لفظ NOSE کو اگر کسی کوڈ میں PQUG لکھا جاتا ہے، تو اسی کوڈ میں SHOUT کو کس طرح لکھیں گے؟

(A) UJQWV    (B) YWJUQ

(C) WVJUQ    (D) UJQVW

49. جمال ایک فوٹو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے ''اس شخص کے والد میری ماں کے اکلوتے بیٹے ہیں'' اس فوٹو میں کون ہے؟

(A) جمال خود    (B) جمال کا بیٹا

(C) جمال کا بھائی    (D) جمال کے والد

50. L A I P A R حروف میں سے درج ذیل میں سے کون سا نام لکھ سکتے ہیں؟

(A) ایک جانور کا نام    (B) ایک دن کا نام

(C) ایک مہینے کا نام    (D) ایک چڑیا کا نام

## حصہ دوم (Part -2)

## اردو (Urdu)

51. مناجات بیوہ، کس کی نظم ہے۔

(A) علامہ اقبال (B) جوش ملیح آبادی

(C) الطاف حسین حالی (D) حفیظ جالندھری

52. مقدمہ شعروشاعری کیا ہے۔

(A) شعری مقدمہ (B) مدجزاسلام کا مقدمہ

(C) اردو تنقید کی پہلی کتاب (D) تذکرہ

53. ان میں سے کس کا تعلق عدلیہ سے تھا۔

(A) الطاف حسین حالی (B) ڈپٹی نذیر احمد

(C) اکبرالہ آبادی (D) مولوی ذکاء اللہ

54. امانت لکھنوی کا تعلق ہے۔

(A) ناول نگاری سے (B) اردو ناٹک سے

(C) افسانہ نگاری سے (D) شاعری سے

55. 'یہودی کی لڑکی' کس کا ناٹک ہے۔

(A) آغا حشر کاشمیری (B) ڈاکٹر عابد حسین

(C) پروفیسر محمد مجیب (D) امتیاز علی تاج

56. خواجہ حسن نظامی کہاں پیدا ہوئے۔

(A) لاہور (B) دہلی

(C) آگرہ (D) لکھنو

57. دارالمصنفین کہاں واقع ہے۔

(A) لکھنو (B) پٹنہ

(C) حیدرآباد (D) اعظم گڑھ

58. مثنوی' کدم راؤ پدم راؤ ' کے شاعر کا نام بتائیے۔

(A) عبداللہ حسینی
(B) نظامی بیدری
(C) نصرتی
(D) محمد قلی قطب شاہ

59. پیا باج پیالہ پیا جائے نا پیا باج اک تل جیا جائے نا۔کس کا شعر ہے

(A) ملا وجہی
(B) قلی قطب شاہ
(C) سراج اورنگ آبادی
(D) ولی دکنی

60. میر تقی میر کی وفات کہاں ہوئی۔

(A) دلی
(B) آگرہ
(C) لکھنؤ
(D) رامپور

61. 'یادگار غالب' کیا ہے۔

(A) ناول
(B) افسانہ
(C) ڈرامہ
(D) سوانح حیات

62. 'اسباب بغاوت ہند' کس کی تصنیف ہے۔

(A) مولانا محمد حسین آزاد
(B) مولانا ابوالکلام آزاد
(C) سر سید احمد خان
(D) ڈاکٹر ذاکر حسین

63. ان میں سے کس کا تعلق اردو زبان کے آغاز وارتقا کی نظریات سے ہے۔

(A) حافظ محمود شیرانی
(B) اختر شیرانی
(C) کلیم الدین احمد
(D) حسرت موہانی

64. ذیل میں سے کون سا افسانہ پریم چند کا نہیں ہے۔

(A) کفن
(B) نجات
(C) نیا قانون
(D) نمک کا داروغہ

65. پانچ مصرعوں والی نظم کو کہا جاتا ہے۔

(A) مثلث
(B) مربع
(C) مسدس
(D) مخمس

66. 'اجداد' کا واحد ہے۔

(A) جدید (B) تجدید

(C) جد (D) امجد

67. ذیل میں سے کس داستان کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں ہے۔

(A) فسانۂ عجائب (B) باغ و بہار

(C) لیلا مجنوں (D) آرائش محفل

68. ذیل میں سے کون سی تصنیف مولانا شبلی نعمانی کی نہیں ہے۔

(A) شعرالعجم (B) موازنہ انیس و دبیر

(C) الفاروق (D) حیات سعدی

69. ''زبان کاٹنا'' کیا ہے۔

(A) ضرب المثل (B) محاورہ

(C) کہاوت (D) ان میں سے کوئی نہیں

70. ''نسخہ ہائے وفا'' کس کا مجموعہ کلام ہے۔

(A) ن م راشد (B) جوش ملیح آبادی

(C) فیض احمد فیض (D) جاں نثار اختر

71. جگنو کی روشنی ہے کاشانہ چمن میں یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں۔

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے۔

(A) تشبیہ (B) استعارہ

(C) مجاز مرسل (D) تلمیح

72. 'ژ' کس زبان کا خاص حرف ہے۔

(A) اردو (B) فارسی

(C) عربی (D) سنسکرت

73. فورٹ ولیم کالج کا قیام کب ہوا۔

(A) 1800
(B) 1810
(C) 1820
(D) 1900

74. اخبار 'زمیندار' کہاں سے شائع ہوتا تھا۔

(A) دہلی
(B) لکھنو
(C) کلکتہ
(D) لاہور

75. 'غبار خاطر' کیا ہے۔

(A) اخبار
(B) رسالہ
(C) خطوط کا مجموعہ
(D) خودنوشت سوانح

76. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی سے شائع ہونے والے ادبی جریدہ کا نام بتائیے۔

(A) دستک
(B) ادب وثقافت
(C) فکروتحقیق
(D) فکرونظر

77. ان میں سے کس کا تعلق اردو تحقیق سے نہیں ہے۔

(A) قاضی عبدالودود
(B) محمود شیرانی
(C) رشید احمد صدیقی
(D) مالک رام

78. مشتاق احمد یوسفی اردو کے کس صنف ادب کے لئے مشہور ہیں۔

(A) خاکا
(B) ڈراما
(C) صحافت
(D) ناول

79. ان میں سے کون قصیدہ کے اجزائے ترکیبی میں شامل نہیں ہے۔

(A) تشبیب
(B) گریز
(C) مدح
(D) رجز

80. اکبرالہ آبادی کا اصل نام بتائیے۔

(A) سیدانورحسین رضوی
(B) سیداکبرحسین رضوی
(C) تفضّل حسین
(D) سیدنورالحسین رضوی

81. صحیح مصرعے کی نشاندہی کیجئے

گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے

(A) آتا ہے ابھی دیکھئے کیا کیا میرے آگے

(B) آئی شب ہجراں کی تمنا میرے آگے

(C) رہنے دو ابھی ساغر و مینا میرے آگے

(D) رکھ دے کوئی پیمانہ وصہبا میرے آگے

82. گنج ہائے گراں مایہ کس کی تصنیف ہے

(A) رشید احمد صدیقی (B) عبدالحلیم شرر

(C) پطرس بخاری (D) کنہیالال کپور

83. 'پت جھڑ کی آواز' کس کی کہانیوں کا مجموعہ ہے

(A) خدیجہ مستور (B) جمیلہ ہاشمی

(C) جیلانی بانو (D) قرۃ العین حیدر

84. معروف نظم 'مسجدِ قرطبہ' علامہ اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے

(A) بانگ درا (B) بال جبریل

(C) ارمغان حجاز (D) ضرب کلیم

85. 'یادوں کی بارات' کا تعلق کس صنف سے ہے

(A) ناول (B) خودنوشت

(C) سوانح حیات (D) انشائیہ

86. سعادت حسن منٹو کی پیدائش کہاں ہوئی

(A) لاہور (B) امرتسر

(C) لدھیانہ (D) جالندھر

87. مولانا الطاف حسین حالی کو **شمس العلما** کا خطاب کس سنہء میں دیا گیا

(A) 1904 (B) 1914

(C) 1906 (D) 1912

88. صحیح لفظ کی نشاندہی کیجئے

(A) آسائش (B) آشائس

(C) اسائش (D) اشائس

89. اختر اور ینوی کا تعلق کس ریاست سے ہے؟

(A) اتر پردیش (B) مغربی بنگال

(C) بہار (D) تلنگانہ

90. ' تشبیب ' کس صنف سخن کے اجزائے ترکیبی کا حصہ ہے

(A) مثنوی (B) نظم

(C) قطعہ (D) قصیدہ

91. ان میں سے کس ادیب کو ہندوستان کے سب سے بڑے ایوارڈ بھارت رتن سے نوازا گیا۔

(A) فراق گورکھپوری (B) قرۃالعین حیدر

(C) پریم چند (D) مولانا ابوالکلام آزاد

92. 'اداس نسلیں' کس ناول نگار کی تصنیف ہے

(A) عبداللہ حسین (B) شوکت صدیقی

(C) قرۃالعین حیدر (D) جیلانی بانو

93. کنیت اسم کے کس قسم سے متعلق ہے؟

(A) اسم نکرہ (B) اسم معرفہ

(C) اسم اشارہ (D) اسم مصغر

94. مخمس کے ایک بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں

(A) تین (B) چھ

(C) چار (D) پانچ

95. ان میں سے کس کو جدید نظم کے بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے

(A) جمیل مظہری (B) مولانا الطاف حسین حالی

(C) فراق گورکھپوری (D) شاد عظیم آبادی

96. ذیل میں کون سا مضمون سرسید احمد خان کا نہیں ہے

(A) زبان گویا
(B) تعلیم و تربیت
(C) گزرا ہوا زمانہ
(D) امید کی خوشی

97. کس کے شعری مجموعہ کا نام ''وہ جو شاعری کا سبب ہوا'' ہے

(A) علامہ اقبال
(B) فیض احمد فیض
(C) مرزا غالب
(D) کلیم عاجز

98. زاہد نے کھانا کھایا ،اس جملے میں کون سا لفظ مسند الیہ ہے

(A) کھانا
(B) کھایا
(C) زاہد
(D) نے

99. ان میں سے کس لفظ کا لغوی معنی بادشاہ کے ہے

(A) مُلک
(B) مِلک
(C) مَلَک
(D) مَلِک

100. جان دی ، دی ہوئی، اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا
یہ شعر کس شاعر کا ہے

(A) مرزا غالب
(B) میر تقی میر
(C) خواجہ میر درد
(D) مومن

☆☆☆